● **صاحبزادہ طارق محمود رحمہ اللہ**　　مؤلف: محمد اورنگ زیب اعوان

قیمت: درج نہیں　　ملنے کا پتا: مکتبہ لولاک، جامع مسجد، ریلوے کالونی، فیصل آباد

صاحبزادہ طارق محمود رحمہ اللہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما تھے۔ اُن کے والد ماجد مولانا تاج محمود رحمتہ اللہ علیہ طویل عرصہ مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ انھیں حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری قدس سرہٗ اور اکابر احرار کی رفاقت کا شرف حاصل رہا۔ وہ احرار اور تحریک ختم نبوت کے پرجوش اور متحرک رہنما اور آغا شورش کاشمیری مرحوم کے خاص دوستوں میں سے تھے۔

صاحبزادہ طارق محمود رحمہ اللہ مولانا تاج محمود کے اکلوتے اور لائق فرزند تھے۔ جرأت وشجاعت اور صحافت وخطابت انھیں ورثہ میں ملی تھی۔ وہ مجلس تحفظ ختم نبوت میں ''احراری خطابت'' کی واحد اور آخری مثال تھے۔ والدِ مرحوم کی وجہ سے اکابرِ احرار کو دیکھا اور سنا تو اُن کی بہت ساری صفات صاحبزادہ مرحوم نے اخذ کیں۔ خطابت اور صحافت میں شورش مرحوم سے بہت متاثر تھے۔ اُن کی تقریر وتحریر میں شورش مرحوم کا رنگ بدرجۂ اتم موجود تھا۔ اپنے والد مرحوم کے انتقال کے بعد اُن کے جاری کردہ ہفت روزہ ''لولاک'' کے ایڈیٹر رہے۔ لکھنے اور بولنے کا کام دمِ آخر تک جاری رکھا۔ چونکہ وہ احراری خون تھے، اس لیے مجلس احرار اسلام اور اس کے اکابر سے بے پناہ محبت کرتے۔ مسجد احرار چناب نگر کی سالانہ ختم نبوت کانفرنس میں شریک ہوتے۔ چیچہ وطنی میں ختم نبوت کانفرنس میں تقریر کی اور ۷ ؍ستمبر ۲۰۰۶ء کو دفتر مجلس احرار اسلام لاہور میں منعقدہ ختم نبوت کانفرنس میں انھوں نے زندگی کی آخری تقریر کی۔ خانوادۂ امیر شریعت سے بہت عقیدت وارادت اور محبت تھی اور فرماتے:

''یہ میرا مرشد خانہ ہے، میں ان کے حکم کی تعمیل کروں گا، مجھے جب اور جہاں بلائیں گے، بہر صورت پہنچوں گا۔''

بعض ''محبین'' نے انھیں احرار کے جلسوں میں جانے سے روکنے کی پوری کوشش کی مگر انھوں نے ایسی سب کوششیں ناکام بنا دیں۔

محمد اورنگ زیب اعوان معترف ہیں کہ صاحبزادہ صاحب مرحوم کے اُن پر بہت احسانات ہیں۔ انھوں نے اپنے محسن کی حیات وخدمات پر یہ کتاب مرتب کی ہے۔ صاحبزادہ صاحب مرحوم کے مختلف شخصیات پر مضامین، مکتوبات اور کتابوں پر تبصرے اس کتاب کی زینت ہیں۔ اور صاحبزادہ صاحب کی وفات پر تعزیتی پیغامات وتاثرات اور منظوم خراجِ تحسین بھی کتاب میں شامل ہیں۔ نیز اُن کی تقاریر کے بعض اقتباسات نے کتاب کی اہمیت دوچند کر دی ہے۔ (تبصرہ: سید عطاء المنان بخاری)

● **نوادرات مولانا سعید الدین شیرکوٹی**　　مؤلف: مولانا محمد اورنگ زیب اعوان

قیمت: ۱۵۰ روپے　　ملنے کا پتا: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ (صوبہ سرحد)

حضرت مولانا سعید الدین شیرکوٹی مدظلہ ہمارے اسلاف کی یادگار ہیں۔ ان کے والد ماجد حضرت مولانا محمد عماد